قربانیِ نفس
از
رمنا ملک
www.novelsclubb.com

السلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

قربانیِ نفس

آرٹیکل

رائٹر رمنا ملک

قربانی ایک ایسا جذبہ جو مسلمانوں میں ایثار و جذبے اور صبر کی ایک اعلی مثال پیش کرتا ہے۔۔حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اعلی قربانی اور اللہ پاک کی طرف سے دی گئی کٹھن آزمائش کے واقعے سے تو ہر بچہ بچہ واقف ہے۔۔ان کا واقعہ ہمیں ایک طرف سیکھاتا ہے کہ آزمائش تو اللہ پاک کے پیارے بندوں پر ہی آتی ہے اور دوسری طرف یہ کہ وہ رب بڑی سے بڑی آزمائش یا پریشانی میں بھی آپ کو اکیلا نہیں چھوڑتا۔۔۔وہ رب تو ستر ماؤں سے بھی زیادہ آپ سے پیار کرتا ہے تو کیسے وہ آپ کے مشکل وقت میں آپ کو اکیلا چھوڑ سکتا ہے!!!قربانی یہ چھوٹا سا لفظ اپنے اندر ایک بڑا پیغام اور مسلمانوں کے لیے رہنمائی سموئے

ہوئے ہے۔۔۔تاہم اس کا سب سے بڑا مقصد یہ بھی ہے کہ صرف دیکھاوے کی خاطر ہی قربانی کو فروغ نہ دینا چاہیئے بلکہ جانوروں کی قربانی کے ساتھ ساتھ اپنی انا، اپنی نفرتیں، اپنی تلخیاں سب کچھ قربان کر دینا چاہیے تب ہی تو اس رب کے ہاں ہماری قربانیاں قبول ہوں گی۔۔ دلوں میں بغض اور نفرتوں کے ساتھ فقط دیکھاوے کی قربانی وہ رب قبول نہیں کرتا۔۔اس خالق کا تو حکم ہی یہی ہے کہ میرے سے پہلے میرے بندوں کو راضی کرو ان پر رحم کرو۔۔ ہمیں چاہیے ہم خود کو رب کے نیک بندوں میں شمار کروائیں۔۔اپنا دل حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح اتنا کشادہ کر لیں کہ اس پاک رب کے لیے اپنی محبوب سے محبوب ترشے بھی قربان کرنے سے پیچھے نہ ہٹیں۔۔۔اور صبر اور دریادلی حضرت اسماعیل علیہ السلام کی طرح اتنی ہونی چاہیے کہ آنکھیں بند کر کے چٹانوں سا حوصلہ رکھیں کہ رب کے ہر کام میں بہتری ہی ہوتی ہے اگر اس رب کا حکم ہے تو بنا سوچے سمجھے اس کے فیصلے پر سر تسلیم خم کر دیں۔۔۔سب

www.novelsclubb.com

سے پہلے اپنے نفس کو قربان کرنا سیکھیں تاکہ ہماری باقی کی قربانیاں بھی قبول ہو سکیں۔۔۔اور جس دل میں انا کا بوجھ ہو وہ دل ایسی بڑی بڑی نیکیوں کا بار نہیں جھیل سکتے!!!

"تو نے سمجھا ہی نہیں فلسفہ قربانی کا!!!

نفسِ سرکش پہ چھری پھیر۔۔۔

اسے زمین میں گاڑھ!!!"

☆☆☆☆☆

Regards : Ramna Malik ❤

www.novelsclubb.com